© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق وتصنیفِ اسلامی (۶۷)

☆ صدرِ ادارہ و امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کی تصنیف 'معروف ومنکر' تحریکی لٹریچر کی ایک اہم اور علمی وفکری کتاب ہے۔ ہندو پاک میں اب تک اس کے کئی ایڈیشن منظرِ عام پر آچکے ہیں۔ اس کے علاوہ عربی، انگریزی، ترکی، ہندی، تمل اور بنگالی میں بھی اس کا ترجمہ ہو چکا ہے۔ حال ہی میں اس کا تیلگو ترجمہ تیلگو اسلامک پبلی کیشنز حیدر آباد سے خوب صورت اور دیدہ زیب طباعت کے ساتھ منظرِ عام پر آیا ہے۔ اس کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ مصنف کے ذریعے نظر ثانی شدہ ایڈیشن (دسمبر ۲۰۱۳ء) کے مطابق ہے۔ یہ ترجمہ اردو اور تیلگو کے معروف ادیب جناب ایس ایم ملک نے کیا ہے۔ صفحات: ۳۰۹، قیمت۔/ ۲۰۰ روپے

☆ ۲۹ رجنوری ۲۰۱۸ء کو خلیق احمد نظامی سینٹر آف قرآنک اسٹڈیز علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی میں رکنِ ادارہ مولانا محمد جرجیس کریمی نے 'اتمامِ حجت کا قرآنی اسلوب' پر ایک لکچر پیش کیا۔ اس میں مرکز کے اساتذہ وطلبہ نے شرکت کی۔

☆ ۲۴ رفروری ۲۰۱۸ء کو جنوبی ہند میں جامعہ دارالسلام عمر آباد کے طلبہ کی انجمن کا سالانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اس میں مولانا محمد جرجیس کریمی نے بحیثیت صدر شرکت کی۔ انہوں نے صدارتی خطبہ میں مطالعہ وتحقیق کے اصول وآداب بیان کیے۔

☆ ۳۔ ۴ر مارچ ۲۰۱۸ء کو خلیق احمد نظامی سینٹر میں دو روزہ قومی سمینار بہ عنوان 'عربی مدارس میں تدریسِ قرآن کے طریقے' منعقد ہوا۔ اس میں سکریٹری ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے 'جماعت اسلامی ہند کے تربیتی نظام میں تعلیمِ قرآن کا مقام' کے موضوع پر اور مولانا جرجیس کریمی نے 'جھارکھنڈ کے سلفی مدارس میں تدریسِ قرآن کے طریقے' کے موضوع پر مقالہ پیش کیا۔

☆ ۴۔ ۵ر مارچ ۲۰۱۸ء کو شعبۂ دینیات (سنّی) مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ میں ایک دو روزہ بین الاقوامی سمینار 'مذاہبِ عالم میں انسانی اقدار' کے مرکزی موضوع



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پر منعقد ہوا۔ اس میں ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے 'حلف الفضول کی عصری معنویت' کے موضوع پر، مولانا محمد جرجیس کریمی نے 'قرآن مجید کا تصورِ تکریم انسانیت' کے موضوع پر اور رکن ادارہ مولانا کمال اختر قاسمی نے 'مذاہبِ عالم میں انسانی اقدار اور اردو لٹریچر' کے موضوع پر مقالات پیش کیے۔

☆ ۱۰۔ ۱۱؍مارچ ۲۰۱۸ء کو شعبۂ اسلامک اسٹڈیز، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ میں 'جدید ہندوستان میں سیرت نگاری' کے مرکزی موضوع پر دو روزہ سمینار منعقد ہوا۔ اس میں صدر ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری نے کلیدی خطبہ پیش کیا۔ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے 'جماعت اسلامی ہند کی خدماتِ سیرت'، مولانا محمد جرجیس کریمی نے 'سہ ماہی تحقیقات اسلامی کے مقالاتِ سیرت'، مولانا کمال اختر قاسمی نے 'آزاد ہندوستان میں علماء دیوبند کی سیرت نگاری' اور ادارہ کے اسکالر مولانا سراج کریم سلفی نے 'جامعہ سلفیہ بنارس کی خدماتِ سیرت' کے عناوین پر مقالات پیش کیے۔

☆ ۷۔ ۸؍مارچ ۲۰۱۸ء کو جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی میں المصطفیٰ انٹرنیشنل یونی ورسٹی ایران کے اشتراک سے 'مذہب کی اخلاقیات' کے مرکزی موضوع پر دو روزہ سمینار منعقد ہوا۔ اس میں رکنِ ادارہ جناب مجتبیٰ فاروق نے 'تحقیقی اخلاقیات' کے عنوان پر مقالہ پیش کیا۔

☆ ادارہ کی سرپرستی میں رائٹرس فورم کے پروگرام برابر ہو رہے ہیں۔ ۲۲؍جنوری ۲۰۱۸ء کو منعقدہ پروگرام میں اسکالر ادارہ مولانا سراج کریم سلفی نے 'خود کشی کا بڑھتا رجحان۔ ایک جائزہ' کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔ پروگرام کی صدارت ڈاکٹر غطریف شہباز ندوی، نائب مدیر ماہ نامہ افکارِ ملّی نئی دہلی نے کی۔ دوسرا پروگرام ۱۰؍فروری ۲۰۱۸ء کو منعقد ہوا۔ اس میں جناب محمد صادق اصلاحی نے 'مکی دور میں سیرتِ نبوی کی عصری معنویت' کے موضوع پر مقالہ پیش کیا۔ اس پروگرام کی صدارت مولانا غزالی ندوی استاد مدرسۃ العلوم الاسلامیۃ علی گڑھ نے کی۔

☆ ۹؍مارچ ۲۰۱۸ء کو محترم صدر ادارہ مولانا عمری کی ادارہ میں آمد ہوئی تو اس موقع پر جملہ کارکنانِ ادارہ کے ساتھ ان کی نشست منعقد ہوئی۔ اس میں انہوں نے ارکان ادارہ کے سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور انہیں مشوروں سے نوازا۔ ☆☆☆



© rasailojaraid.com